سلام محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
چہل میم غیر منقوط

۱۷

۷۸۶/۹۲

نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات

مَعَ اسْمِ اللہِ الْمَلِکِ السَّلٰمِ

صـ م ح م د ـلی اللہ علیہ وسلم

صـ ح م د م ـلی اللہ علیہ وسلم

صـ م د م ح ـلی اللہ علیہ وسلم

صـ د م ح م ـلی اللہ علیہ وسلم

اس نقش کو دیکھنے والے کی
ہر مشکل حل ہوگی انشاءاللہ

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مرتب

محمد عزیز سلطان ناچیزؔ

۷۸۶/۹۲



سلام محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
چہل میم غیر منقوط
۱۷

۷۸۶/۹۲

نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات

مَعَ اسۡمِ اللّٰہِ الۡمَلِکِ السَّلٰمِ

م ح م د صلی اللہ علیہ وسلم
ح م د م صلی اللہ علیہ وسلم
م د م ح صلی اللہ علیہ وسلم
د م ح م صلی اللہ علیہ وسلم

اس نقش کو دیکھنے والے کی
ہر مشکل حل ہوگی انشاءاللہ

مرتب

بموقع رجب ۱۴۳۸ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین
وحضرات مخدومین سادات چودہوں پیراں رضی اللہ عنہم

محمد عزیز سلطان ناچیز

سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (۱۷)

مَعَ اسۡمِ اللهِ الۡمٰلِكِ السَّلٰمِ ○ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ

مَوۡلَائِیۡ هُوَ اللهُ اِلٰهٌ دَائِمٌ حَیٌّ ○ لَآاِلٰهَ اِلَّا

اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللهِ ○ اَللّٰهُمَّ الۡاَوَّلُ

الدَّآئِمُ الۡاَعۡلَى الۡحَیُّ لَااِلٰهَ اِلَّا اللهُ ○ صَلِّ

وَسَلِّمۡ دَائِمًا عَلٰى مَوۡلَائِیۡ وُدِّكَ الۡعَالَمِ

وَاللَّاعَالَمِ وَ مَصۡدَرِكَ الۡاَمۡرِ وَطَائِرِ اللَّا

هُوَ اِلَّا هُوَ وَمَا رَاٰى مَا رَاٰى اِلَّاهُوَ مَعَهٗ

وَاَرَاهُ اللّٰهُ طَوَالِعَهٗ وَسَوَاطِعَهٗ وَمَا اَرَادَ○

وَهُوَ اَحْمَدُكَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ○ وَصَارَ

وَالِدُهٗ اَحْمَدَ الْوَالِدِ وَ اُمُّهٗ اَحْمَدَ الْاُمِّ وَاٰلُهٗ

اَحْمَدَ الْاٰلِ وَعَلٰى وَالِدِهٖ وَاُمِّهٖ وَاٰلِهٖ وَالْمَوْلٰى

عَلِيٍّ وَّوَلَدَىْ عَلِيٍّ وَّاُمِّهِمَا○ وَمُحْيِ الْاِسْلَامِ

وَاٰلِهٖ وَوَالِي الْاِسْلَامِ وَاٰلِهٖ وَاَحْمَدَ وَلِيِّ اللّٰهِ

وَحَوَارِيِّ وَلِيِّ اللّٰهِ وَاٰلِهٖ وَكُلِّ اُمَمِ رَسُوْلِ

اللّٰهِ كُلَّ الْحَالِ○

مراد: اللہ کے اسم کے سہارے کہ وہی مالک وسلامی والا ہے۔
سارا حمد اللہ کے لئے ہے، ہمارا مولیٰ وہ اللہ ہے کہ الٰہ ہے دائم ہے
حی ہے واحد اللہ ہی الٰہ ہے محمد ﷺ اللہ کا رسول ہے اے
ہمارے اللہ وہی اول ہے دائم ہے اعلیٰ ہے حی ہے واحد اللہ ہی الٰہ
ہے دائمی درود وسلام ہمارے مولیٰ اللہ کے مکاں اور لا مکاں کی موہ
کے لئے وارد ہو اور اللہ کی امر کے مصدر کے لئے ہو اور عالم لا ھو
الا ھو کے طائر کے لئے ہو کہ دکھائی دئے اسے ہر اک کے ہمراہ
اللہ ہی اللہ اللہ کے سہارے اور دکھائے اللہ اسے اللہ کے سارے
مطالع اور دملکوں کو اور دکھائے گئے اسے ہر وہ کہ اللہ کا ارادہ ہوا اور
وہ اللہ کی کامل حمد والے محمد ﷺ اللہ کا رسول ہے اور اس رسول کے
والد کامل حمد والے ہوئے سارے والد سے اور ماں ساری ماؤں
سے اور آل واولاد ساری آل واولاد سے اور (درود وسلام) اس
رسول کے والد کے لئے ہو اور ماں کے لئے ہو اور آل کے لئے ہو،

مولیٰ علی کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لاڈلوں کے لئے ہواور مولیٰ علی
کے لاڈلوں کی والدہ کے لئے ہو، اسلام کے محیٖ کے لئے ہواور آل
کے لئے ہو، اسلام کے مددگار کے لئے ہواور آل کے لئے ہو اور
احمد ولی اللہ کے لئے ہواور ولی اللہ کے ہم دموں کے لئے ہواور آل
کے لئے ہو، اللہ کے رسول کی ساری امم کے لئے ہو ہردم۔

توضیحی ترجمہ: اللہ کے اسم کے ساتھ جو مالک ہے سلامتی دینے والا
ہے تمام تعریف اللہ کے لئے ہے میرا مولیٰ وہ اللہ ہے جو معبود ہے
ہمیشگی والا ہے ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں
محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اے ہمارے اللہ تو اول ہے ہمیشگی والا
ہے بلندی والا ہے اور ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے اللہ کے سوا کوئی
معبود نہیں تو بھیج خوب خوب دائمی درود و سلام میرے مولیٰ اپنے
مکان ولامکاں کی محبت پر اور تیرے امر کے صادر ہونے کی جگہ
پر اور عالم وحدت میں سیر کرنے والے پر اور اس ذات پر کہ جس

نے ہر چیز میں تجھے تیرے ساتھ رہ کر دیکھا پھر اللہ نے آپ کو معراج میں اپنے تمام جلوؤں اور انوار کا مشاہدہ کرایا یہاں تک کہ جو چاہا وہ سب دکھایا اور وہ تیری کامل تعریف کرنے والے محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں کہ جن کے والد (سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ) تمام والد میں سب سے زیادہ اللہ کی تعریف کرنے والے ہیں اور جن کی ماں (بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا) تمام ماؤں میں سب سے زیادہ اللہ کی تعریف کرنے والی ہیں اور جن کی آل واولاد تمام آل واولاد میں سب سے زیادہ اللہ کی تعریف کرنے والے ہیں اور (درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والد پر اور آپ ﷺ کی والدہ پر اور آل پر، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر اور مولیٰ علی کے دونوں لاڈلوں امام حسن وامام حسین علیہما السلام پر اور حسنین کریمین کی والدہ خاتون جنت سیدہ بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا پر اور دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ

عنہ پر آپ کی آل پر اور دین کے مددگار خواجہ معین الدین حسن سنجری پر آپ کی آل پر اور حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ پر، آپ کے اصحاب روحانی پر اور آل پر اور اللہ کے رسول کے سارے امتیوں پر ہر دم۔

فضیلت سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط

یہ ''سلام محمدی ﷺ چہل میم'' جو کہ چالیس میم کے ساتھ بغیر نقطے والے حروف پر مشتمل ہے اِس کا ترجمہ بھی غیر منقوط ہے جس کو سمجھنے کے لئے توضیحی ترجمہ شامل ہے جو شخص اس درود کو روزانہ ۵/۱۱/۱۰۰/ بار پڑھنے کا اپنا معمول بنائے گا اسے اللہ ورسول کی خوشنودی حاصل ہوگی اور اسے عالم وحدت کا فیض ملے گا اور اسے ''س'' اور ''م'' کے برکات سے نوازا جائے گا نیز اسے اہل بیت کی شفقت ومحبت حاصل ہوگی اور ان کا دیدار نصیب ہوگا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔



آستانہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد

www.syed14peer.com